6 مئی 2014ء

اسٹیٹ بینک نے ہاؤسنگ فنانس کی علیحدہ پروڈنشل ریگولیشنز جاری کردیں

اسٹیٹ بینک آف پاکستان ترجیحی شعبوں یعنی زرعی قرض، مائیکروفنانسنگ، ایس ایم ای فنانسنگ، ہاؤس فنانسنگ، انفراسٹرکچر فنانسنگ اور برآمدات کے شعبوں میں قرض گاری کو توسیع دینے کے لیے کوشاں رہا ہے۔ ان شعبوں کی اہمیت کے پیش نظر اسٹیٹ بینک موزوں پروڈنشل ریگولیشنز کے ذریعے سازگار ضوابطی ماحول اور مثبت پالیسی اقدامات یعنی رہنما خطوط کے اجرا، علامتی اہداف کے تعین، مالی اداروں میں استعداد کاری کے فروغ کے ذریعے مارکیٹ کو ترقی دینے کی کوششیں کرتا رہا ہے۔ یہ سرگرمیاں اسٹیٹ بینک میں ''خصوصی اقدامات'' کے عنوان سے ڈپٹی گورنر جناب سعید احمد نے جاری رکھی ہیں۔

ہاؤسنگ اور تعمیرات معیشت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ لگ بھگ 50 صنعتیں اور 70 فیصد غیر ہنر مند محنت کش شعبہ تعمیرات سے وابستہ ہیں۔ ہاؤسنگ فنانس روزگار کی تخلیق، معاشی روابط اور عوام کے معیار زندگی کو بلند کرنے کا باعث بنتی ہے اور طویل مدتی معاشی نمو میں بھرپور حصہ ڈالتی ہے۔

پاکستان میں ہاؤسنگ فنانس پڑوسی ممالک کے مقابلے میں خاصی کم ہے اور اس کی نمو مطلوبہ رفتار سے نہیں ہوئی ہے۔ آمدنی گروپوں اور جغرافیہ کے لحاظ سے ہاؤسنگ فنانس کی رسائی بہت محدود ہے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان اس شعبے کی ترویج و ترقی کے لیے مختلف اقدامات کرتا رہا ہے۔ ہاؤسنگ فنانس سے متعلق پروڈنشل ریگولیشنز کو موجودہ ضروریات کے مطابق بنانے کے لیے نظر ثانی کی ضرورت ہے۔ چونکہ ہاؤسنگ فنانس کے مخصوص پہلو یعنی میعاد، نرخ اور ضمانتی معاملات صارفی مالکاری کے دوسرے شعبوں سے مختلف ہیں اس لیے ہاؤسنگ فنانس کے لیے مخصوص پروڈنشل ریگولیشنز علیحدہ سے جاری کی گئی ہیں تاکہ اس شعبے کو ضروری توجہ مل سکے۔

ان پروڈنشل ریگولیشنز کے اجرا کے موقعے پر ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک جناب سعید احمد نے کہا کہ دیگر شعبوں، جیسے زرعی پراجیکٹس (ویئر ہاؤس سسٹم)، زرعی بیمہ اسکیم، کریڈٹ گارنٹی اسکیم برائے ایس ایم ای فنانسنگ، مائیکروفنانسنگ اور برانچ لیس بینکاری، کی ترقی کے ساتھ ساتھ اسٹیٹ بینک ہاؤسنگ فنانس میں بھی آگے بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک ہاؤسنگ فنانس کے سلسلے میں اقدامات جاری رکھے گا خصوصاً دیگر ملتی جلتی معیشتوں بھارت، برازیل وغیرہ میں کامیابیوں کی کہانیوں کا مطالعہ کرکے پست آمدنی والے گروپوں کے لیے ہمارے معاشرے کے محروم طبقات کو سر چھپانے کی جگہ فراہم کرنے کی خاطر اقدامات کیے جائیں گے۔

ہاؤسنگ فنانس کی یہ پروڈنشل ریگولیشنز متعلقہ فریقوں سے طویل مشاورت کے بعد جاری کی گئی ہیں۔ توقع ہے کہ بینک/ڈی ایف آئیز ہاؤسنگ فنانس کی پروڈنشل ریگولیشنز کا فائدہ اٹھائیں گے اور اپنی ہاؤسنگ فنانس پالیسیوں کی تشکیل نو کریں گے۔ ملک بھر میں ہوم فنانسنگ کی اختراعی مصنوعات اور دستیابی کی بنا پر توقع ہے کہ بینک/ڈی ایف آئی اپنی ہاؤسنگ فنانسنگ کی رسائی کو بڑھائیں گے۔

ہاؤسنگ فنانس پروڈنشل ریگولیشنز اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کردی گئی ہیں۔

☆☆☆